۱-**انسان اور جادو، جنات** (جادو و جنات کا توڑ اور روحانی علاج معالجہ) ۲-**انسان اور کالے پیلے علوم** (خرابیِ عقائد کا ذریعہ بننے والے ماورائی علوم کا جائزہ وتحقیق)۔ تالیف: حافظ مبشر حسین، ناشر: مبشر اکیڈمی، لاہور- فون: ۴۶۰۲۸۷۸-۰۳۰۰۔ ملنے کا پتا: مکتبہ قدوسیہ/ کتاب سرائے، اُردو بازار، لاہور۔ صفحات علی الترتیب: ۲۲۲، ۲۲۸۔ قیمت: درج نہیں۔

پہلی کتاب میں فاضل مؤلف نے جادو اور جنات کے بارے میں قرآن وسنت کی روشنی میں اسلام کا موقف واضح کیا ہے۔ انھوں نے متعدد اعتقادی گمراہیوں کی نشان دہی کے ساتھ جنات اور جادو کے توڑ کے لیے مسنون علاج بھی تجویز کیے ہیں۔ مؤلف کے عملی تجربات اور مشاہدات بھی کتاب میں شامل ہیں۔ روحانی علاج سے متعلقہ چند اصولی مسائل، نظرِ بد کا علاج اور متعدد جسمانی بیماریوں کے روحانی علاج بھی کتاب کا حصہ ہیں۔

دوسری کتاب میں قرآن وسنت کی روشنی میں دست شناسی، علم جفر، علم عدد، علم اسرار الحروف، علمِ نجوم، علمِ رمل، ریکی، یوگا، ٹیلی پیتھی، ہپناٹزم اور مسمریزم کی حقیقت اور پوزیشن واضح کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ بدشگونی، نحوست اور فالناموں کا جائزہ بھی لیا گیا ہے اور اس سلسلے میں صحیح اسلامی موقف پیش کیا گیا ہے۔ مراقبوں اور چلّہ کشی کی شرعی حیثیت، خوابوں سے متعلقہ مسائل قرآن و حدیث کی روشنی میں، اور قیافہ شناسی کی شرعی حیثیت بھی کتاب کا حصہ ہیں۔ اسی طرح الہام، وسوسہ، کشف اور فراست میں فرق کو واضح کرتے ہوئے، اسلام میں ان کی حیثیت بھی بیان کردی گئی ہے۔ کتاب کے آغاز میں وحیِ الٰہی اور وحیِ شیطانی، اور کہانت وعرافت پر بھی عمدہ مباحث بطور تمہید شامل ہیں۔ (خالد محمود)

تعارف کتب

◉ **جواہر البیان فی تفہیم القرآن** (تلخیص مضامینِ قرآن) مؤلف: محمد سرور ارشد۔ نظرثانی: مولانا محمد وسیم میواتی۔ ناشر: الجنت پرنٹنگ پریس، ایم اے جناح روڈ، کراچی- ۲۷۴۱۲۳۷-۰۲۱۔ صفحات: ۴۹۱۔ قیمت: درج نہیں۔ [یہ کاوش معروف معنوں میں نہ تو قرآن کا مکمل باقاعدہ ترجمہ ہے اور نہ تفسیر ہے بلکہ مناہیمِ قرآن کا مختصر بیان ہے۔ ان لوگوں کے لیے ہے جو عربی سے نابلد ہیں اور قرآن پاک کے معانی اور مفاہیم کو سمجھنے کی صلاحیت نہیں رکھتے۔ ہرسورہ کا مختصر خلاصہ اور وجۂ تسمیہ، سورہ سے متعلق احادیث میں وارد فضائل، ہرسورہ کی منتخب آیات کا عام فہم مفہوم اور مختصر تشریح اور آخر میں اہم نکات۔]